سوال

(582) کیا گائے اور اونٹ میں قربانی کے حصوں کے علاوہ عقیقہ کیا جا سکتا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاته

قربانی کے جانور (مثلاً گائے) میں بعض لوگ پانچ حصے قربانی کے رکھ لیتے ہیں اور ۲ حصے کسی ایک بیٹے کے عقیقے کے رکھ لیتے ہیں۔ کیا یہ عمل درست ہے یا عقیقے کے لیے دو جانیں ہی کرنا پڑیں گی۔ (سائل) (۳۱ جنوری ۲۰۰۳ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قربانی کی گائے میں عقیقے کی شراکت نہیں ہو سکتی۔ اس کی دو وجہیں ہیں :

۱۔ پہلی وجہ یہ ہے کہ گائے سے عقیقہ کرنا کسی صحیح حدیث سے ثابت نہیں۔

۲۔ دوسری بات یہ ہے کہ راجح مسلک کے مطابق لڑکے کی طرف سے دو بکروں سے عقیقہ ہونا چاہیے۔ جس طرح کہ حدیث میں صراحت کی گئی ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 436

محدث فتویٰ